ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (415)

مورخہ 08.08.24

بہاول پور (                ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 08 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان اشرف، فخر حسین، سفیان بہادر، فلک شیر اور ندیم اللہ دتہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 140 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم ذوالفقار کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1020 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ صدر حاصل پور حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 02 ملزمان شاہد اور اختر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز ((416

08.08.24

بہاولپور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے احسن اقدام، بہاولپور پولیس اور دارارقم (Dar-E-Arqam) سکول بہاولپور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔پولیس افسران و جوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں کو سستی اور معیاری تعلیم و تربیت کی فراہمی کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان اور دارارقم (Dar-E-Arqam) سکول بہاولپور کے پرنسپل نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق دارارقم (Dar-E-Arqam) سکول بہاولپور پولیس کے شہدا ، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کے بچوں کو رعائتی فیسوں پر تعلیم مہیا کریگا۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا ، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچے ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے داخلہ لینے کے مجاز ہونگے۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ ہم پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران و جوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم کے لیے مزید عملی اقدامات کریں گے اور مختلف تعلیمی اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔پرنسپل دارارقم سکول بہاولپور نے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید کہا کہ پولیس جوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



**Memorandum of Understanding**

**Between**

**Punjab Police Government of the Punjab**

**&**

**Dar-e-Arqam School, Bahawalpur**

This memorandum of understanding (MOU) is made between Dar-e-Arqam School, Bahawalpur here in after referred to as the Punjab Police Government of the Punjab which expression shall include its successors and assignees of ONE PART and Dar-e- Arqam School, Bahawalpur, here in after referred to as the Schools, which expression shall include its representative and assignee of the OTHER PART, for special discounts in tuition fee for the children of officers/officials of Punjab Police martyred and serving, on terms and conditions, mentioned herein below:-

1. The Dar-e- Arqam School, Bahawalpur, shall provide Fee Discounts to the children of employees (Shuhada/serving and died during service) of Punjab Police-Government of the Punjab who are either studying in the Schools.
2. Students getting concession will have to abide by the prescribed criteria vis-à-vis other students.
3. A student desirous of availing special discounts in fee shall route his/her application alongwith requisite documents, to Principal of Dar-e- Arqam School, Bahawalpur, through the Punjab Police Government of the Punjab.
4. Any direct application for concession in fee shall not be entertained.
5. In witness whereof, the parties through their duly authorized representatives, have executed this MoU on the days and dates set out below, and certify that they have read understood, and agreed to the terms and conditions as set forth herein.
6. The effective date of this MoU is the date the signature last affixed to this page.
7. The percentage of fee concession is hereby agreed at the following rates:-



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے دارارقم (Dar-E-Arqam) سکول بہاولپور کی انتظامیہ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں